Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NAMAZ · MAYYIT GUIDE

Hunoot

حنوط

After ghusl has been given to a corpse, it is obligatory to camphorate it ie. to apply camphor on its forehead, palms, knees, and the tips of the big toes such that a little of the camphor remains on them even if by means other than rubbing. It is recommended that camphor also be applied to the tip of the nose of the corpse. The camphor must be powdered, fresh, and mubaḥ (not usurped); and if it has lost its fragrance on account of it being old, it will not suffice.

غسل دینے کے بعد واجب ہے کہ میت کو حنوط کیا جائے یعنی اس کی پیشانی، دونوں ہتھیلیوں، دونوں پاوں کے گھٹنوں اور دونوں پاوں کے انگوٹھوں پر کافور اس طرح ملا جائے کہ کچھ کافور اس پر باقی رہے۔ خواہ کچھ کافور بغیر ملے باقی بچے اور مستحب یہ ہے کہ میت کی ناک پر بھی کافور ملا جائے۔ کافور پسا ہوا اور تازہ ہونا چاہئے اور اگر پرانا ہونے کی وجہ سے اس کی خوشبو زائل ہو گئی ہو تو کافی نہیں۔

The recommended precaution is that camphor should be first applied to the forehead of the corpse; thereafter, there is no particular order in applying camphor to the other parts of the body.

احتیاط مستحب یہ ہے کہ کافور پہلے میت کی پیشانی پر ملا جائے لیکن دوسرے مقامات پر ملنے میں ترتیب ضروری نہیں ہے۔

If someone dies in the state of Ehraam, it is not permitted to camphorate his body, unless he was in the state of Ehraam for Haj-e-Tamatto and he had completed the Tawaf, its Prayer, and Saee or, he was in the state of Ehram for Haj-e-Qiraan or Haj-e-Ifrada and he had performed Halaq (shaving head) in these two cases, he must be given ghusl with camphor water.

اگر کوئی شخص احرام کی حالت میں مرجائے تو اسے حنوط کرنا جائز نہیں ہے لیکن اگر وہ حج تمتع کا احرام ہو اور وہ طواف اور نماز طواف اور سعی کو مکمل کر چکا ہو یا حج قران یا حج افراد کے احرام میں ہو اور سر منڈا چکا ہو تو ان دو صورتوں میں اس کو حنوط کیا جا سکتا ہے۔

The recommended precaution is that a corpse should not be perfumed with musk, ambergris (anbar), aloes-wood (Ood) and other fragrances, and nor should these be mixed with the camphor.

احتیاط مستحب یہ ہے کہ میت کو مشک، عنبر، عُود اور دوسری خوشبوئیں نہ لگائی جائیں اور انہیں کافور کے ساتھ بھی نہ ملایا جائے۔

Free to read, copy and share

It is recommended to mix some turbah from the grave of His Eminence Sayyidush Shohada (Imam al-Ḥusain) (a) with the camphor. However, the camphor must not be applied to places on the body that would cause disrespect to that earth (khaak-e-shifa). Furthermore, the amount of turbah should not be so great that when it is mixed with the camphor, it can no longer be called camphor.

مستحب ہے کہ سید الشہداء امام حسینؑ کی قبر مبارک کی مٹی (خاک شفا) کی کچھ مقدار کافور میں ملا لی جائے لیکن اس کافور کو ایسے مقامات پر نہیں لگانا چاہئے جہاں لگانے سے خاک شفا کی بے حرمتی ہو اور یہ بھی ضروری ہے کہ خاک شفا اتنی زیادہ نہ ہو کہ جب وہ کافور کے ساتھ مل جائے تو اسے کافور نہ کہا جا سکے۔

If camphor cannot be procured, or if the quantity that can be procured is sufficient only for ghusl, then camphorating is not necessary. And in the event that after ghusl an amount of camphor is left over but it is not sufficient for it to be applied to all seven parts of the body, then based on recommended precaution it must first be applied to the forehead and then to the other parts if any is left over.

اگر کافور نہ مل سکے یا فقط غسل کے لئے کافی ہو تو حنوط کرنا ضروری نہیں اور اگر غسل کی ضرورت سے زیادہ ہو لیکن تمام سات اعضا کے لئے کافی نہ ہو تو احتیاط مستحب کی بنا پر چاہئے کہ پہلے پیشانی پر اور اگر بچ جائے تو دوسرے مقامات پر ملا جائے۔

It is recommended to place two freshly cut twigs in the grave with the corpse.

مستحب ہے کہ (درخت کی) دو تر و تازہ ٹہنیاں میت کے ساتھ قبر میں رکھی جائیں۔

Printed from https://fzic.org/library/namaz/hunoot-3719 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.